# نو عمر بچے کے مواد تخلیق کرنے سے متعلق **فیملی گائیڈ**

← والدین کیلئے تجاویز

YouTube بہ شراکت common sense networks™



**ڈیجیٹل کنیکٹوٹی کی دنیا میں، نو عمر بچے صرف مواد کے صارفین نہیں ہیں—وہ مواد کے تخلیق کاران بھی ہیں۔**

ویڈیوز تخلیق کرنا ان کیلئے اپنی دلچسپیوں کی دریافت، اپنی رائے کا اظہار اور تعلقات قائم کرنے کا ایک مزیدار طریقہ ہے۔ اور ایسے بہت سے طریقے ہیں جن کے ذریعے والدین بھی اس عمل میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اپنے نو عمر بچے کی آن لائن دنیا کو مزید مثبت، کافی زیادہ محفوظ اور کافی زیادہ مزیدار بنانے کیلئے، ان چیک لسٹس کا استعمال کریں!

## خیر و عافیت

ایک ایسا معاون ماحول تخلیق کریں جو صحت مند ڈیجیٹل عادتوں کی ترغیب دے اور آپ کے نو عمر بچے کی مجموعی خیر و عافیت کو ترجیح دے۔ اچھا احساس اور تفریح ساتھ ساتھ چلتے ہیں!

### ان کی خیر و عافیت کو ترجیح دیں

- ☑ **توازن قائم کریں**
  ان کی پسندیدہ آن لائن اور آف لائن سرگرمیوں کیلئے وقت نکالیں۔
- ☐ **ایک سپورٹ سسٹم تخلیق کریں**
  بھروسے مند دوستوں اور اہل خانہ کو شامل کریں (اسپائلر الرٹ)...جیسے آپ خود!
- ☐ **جشن منائیں!**
  ان کی پیشرفت کو سراہیں، چاہے وہ کتنی ہی بڑی یا چھوٹی کیوں نہ ہو۔
- ☐ **ان کی چھٹی حس پر اعتبار کریں**
  پروسیس کے دوران ان کے احساسات کا جائزہ لیتے رہیں۔



# نو عمر بچے کے مواد تخلیق کرنے سے متعلق **فیملی گائیڈ**

والدین کیلئے تجاویز

YouTube بہ شراکت common sense networks

## ایک مثبت کمیونٹی بنائیں

**ہمدردی کے ساتھ تخلیق کریں**
اس بات پر غور کریں کہ ان کی ویڈیوز اور تبصروں کو کس طرح لیا جا سکتا ہے۔

**سب کو ساتھ لے کر چلیں**
یہ تصدیق کریں کہ ان کا مواد کسی کو ٹھیس نہیں پہنچاتا یا کسی کو خارج نہیں کرتا ہے۔

**تنقیدی نقطۂ نظر سے سوچیں**
غلط معلومات کا پتا لگا کر یہ یقینی بنائیں کہ وہ جو کچھ کہتے/جس چیز کا اشتراک کرتے ہیں، وہ درست ہے۔

**آن لائن ہراسگی کو روکیں**
انہیں دھمکانے اور ڈیجیٹل ڈرامہ سے بچنے (یا اس کی اطلاع دینے) کی یاد دہانی کرائیں۔

## شہریت

اپنے نو عمر بچے کو اس طرح با اختیار بنائیں کہ وہ ایک ایسا ڈیجیٹل شہری ثابت ہو جو اپنی ذات اور دیگر لوگوں پر اپنے اعمال کے اثرات کا خیال رکھے۔

## بہت زیادہ اشتراک کرنے سے ہوشیار رہیں

**حدود سیٹ کریں**
اس بات پر تبادلۂ خیال کریں کہ کون سی چیزیں اشتراک کرنے کیلئے محفوظ ہیں یا محفوظ نہیں ہیں۔

**رازداری کی ترتیبات کا جائزہ لیں**
فیصلہ کریں کہ ان کی ویڈیوز کہاں دکھائی دیں گی اور انہیں کون دیکھ سکتا ہے۔

**تفصیلات چیک کریں**
یہ یقینی بنائیں کہ ان کے الفاظ، کپڑے یا مقامات نجی معلومات کو ظاہر نہیں کرتے ہیں۔

**رضامندی حاصل کریں**
یہ تصدیق کریں کہ وہ جسے بھی دکھاتے یا جس کا بھی ذکر کرتے ہیں، ان کی رضامندی حاصل ہے۔

**اثر پر غور کریں**
انہیں یاد دہانی کرائیں کہ وقفہ لیں > خطرے کا تجزیہ کریں > فیصلہ کریں

## حفاظت

مواد تخلیق کرنے کے ان کے سفر میں ایک اتحادی کے طور پر، آپ ان کے تخلیقی اظہار کی تربیت کے دوران، ان کے تحفظ اور رازداری کو ترجیح دینے میں ان کی مدد کر سکتے ہیں۔

مکمل نو عمر بچے کے مواد تخلیق کرنے سے متعلق فیملی گائیڈ میں مزید جانیں۔